# ALL PAKISTAN CLERKS ASSOCIATION
# (APCA) SHAHEED SAAQI PAKISTAN

CENTRAL PRESIDENT
Mr. SAJJAD SARAIKI
Office of the District Education Officer
Usman Jogezai Street Masjid Road Quetta
Cell: 0331-9383068

Central Head Office Quetta, Balochistan

CENTRAL SECRETARY GENERAL
Mr. MEERAL ALTAF BHURGRI
Office of the District Education Officer
(Academia & Training)
T/Workshop Kotri Distt Jamshoro
Cell: 0300-3049882


In Accordance with the Article 17 (1) of Constitution of the Islamic Republic of Pakistan & Recognized by the Government of Pakistan Cabinet Secretariate (Establishment Division Vide No. 16/17/72-F-1915) 12 1972 & No. 16117/72-D-F1 Dated 09-04-1974 Islamabad.

Ref# APCA/SS/CEB/786/(7-9/75)/ 16 of/2025 Dated: 23rd August 2025

| | |
|---|---|
| بخدمت جناب محترم میاں محمد شہباز شریف صاحب,<br>وزیر اعظم, اسلامی جمھوریہ پاکستان,<br>وزیر اعظم سیکریٹریٹ اسلام آباد | بخدمت جناب محمد حنیف عباسی صاحب,<br>وفاقی وزیر پاکستان ریلوے, اسلام آباد |
| بخدمت جناب چیئرمین,<br>پاکستان ریلوے, اسلام آباد | بخدمت جناب محترم امداد اللہ بوسل ,<br>وفاقی سیکریٹری خزانہ,حکومت پاکستان اسلام آباد |

**عنوان :-** احکامات برائے چیف ایگزیکیوٹو آفیسر/جنرل مینیجر پاکستان ریلوے لاہور اور تمام ڈویزنل سپرنٹینڈنٹ پاکستان ریلوے اور دیگر اعلیٰ افسران کہ ریٹائرڈ ملازمین اور فوتی ملازمین کے ورثاء <u>کو کمیوٹیشن اور گریجوئٹی اور دیگر واجبات کی ادائگی جلد کی جائے-</u>

جناب اعلیٰ !

آپ بخوبی واقف ہونگے کہ اس وقت پاکستان ریلوے خسارے میں نہیں ہے اور بہتر آمدن کی بچت میں بڑا اضافہ ہوا ہے مگر پاکستان ریلوے کے ریٹائرڈ اور فوتی ملازمین کے ورثاء کی کمیوٹیشن / گریجوئٹی اور دیگر ادائگیاں سال **2022** سے بلا جواز بند کرکے ملازمین اور فوتی ملازمین کے ورثاء میں بڑی بیچینی پیدا کی گئی ہے جب کہ حکومت پاکستان اور تمام اداروں کے سربراہان کی اولین ترجیح ہوتی ہے کہ ریٹائرڈ اور فوتی ملازمین کی بقایہ جات جلد ادا کی جائیں اس پر عدالت عظمیٰ کا فیصلہ بھی موجود ہے اور وزارت خزانہ اور صدرمملکت پاکستان اور معزز عدالتوں میں سیل بھی قائم کئے گئے ہیں مگر پاکستان ریلوے میں ادائگیاں کیوں نہیں ہورہی ہے؟ اس پر سخت نوٹس لیا جائے اور جلد ادائگیاں کی جائیں-

جناب اعلیٰ پاکستان ریلوے کے ریٹائرڈ ملازمین کی ادائگیاں نا ہونے کی وجہ سے ریٹائرڈ ملازمین اور فوتی ملازمین کے ورثاء میں سخت بیچینی ہے ہم اپیل کرتے ہیں کہ جلد ادائگیوں کے احکامات دئے جائیں - ادائگیوں کا اختیار پہلے کی طرح چیف ایگزیکیوٹو آفیسر/ جنرل مینیجر پاکستان ریلوے لاہور کو جلد دیا جائے اور ملازمین کی بقایہ جات حق ہے کوئی خیرات نہیں ہے کمیوٹیشن اور گریجوئٹی اور لیوانکیشمنٹ ودیگر ادائگیوں پر ٹال مٹول ایک بڑی ناانصافی ہے-

ایک طرف ریٹائرڈ اور فوتی ملازمین کو مالی بحران میں دھکیلا گیا ہے اور ادائگیاں وقت پرادا نا کرنے کی وجہ سے مہنگائی اور روپیہ کی گراوٹ سے ملازمین اور فوتی ملازمین کے ورثاء نا اپنا گھر بنا سکے اور نا خرید کر سکے ہیں جو گھر سال **2022** میں خریدا یا بنایا جاسکتا تھا اس وقت تین گنا زیادہ اخراجات لگےگے یہ ملازمین اور فوتی ملازمین کے ورثا کے ساتھ بڑی ناانصافی ہے- اگر ریٹائرڈ ملازمین کورٹ میں جاتے ہیں یا ہمارے تنظیمی نمائندگان احتجاج کرتے ہیں تو ادارے اور حکومت کی بدنامی ہوتی ہے اس لئے آپ سے درخواست ہے تمام بقایہ جات کی ادائگیوں کیلئے جلد احکامات دئے جائیں-

جناب اعلیٰ اپیکا پاکستان دفتری ملازمین کی نمائندہ تنظیم ہے اسلئے دفتر ملازمیں کا ایک اہم مسئلہ ہے انکو دفاتر میں کمپیوٹر اور اسٹیشنری فراہم نہیں کی جاتی ہے اور کلریکل اسٹاف جب سرکاری کام سے ہیڈ کواٹر جاتے ہیں تو انکو **TA/DA** ادا نہیں کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے دفتر ملازمین کو اپنی مدد آپ کے تحت چندہ جمع کرنا پڑتا ہے اور کچھ ملازمین اسکو ادارے کو بدنام کرنے کیلئے مخالفت میں شوشل میڈ یا پر اسکو دوسرا رنگ دیا جاتا ہے اس لئے دفتر ملازمین کو قانون کے مطابق **TA/DA** ادا کیا جائے اور کمپیوٹر اور اسٹیشنری فراہم کرنے کیلئے احکامات دئے جائیں -

وسلام

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن

( ایم اے بھرگڑی )
مرکزی سیکریٹری جنرل

web www.apcapk.com

# ALL PAKISTAN CLERKS ASSOCIATION
## (APCA) SHAHEED SAAQI PAKISTAN

CENTRAL PRESIDENT
Mr. SAJJAD SARAIKI
Office of the District Education Officer
Usman Jogezai Street Masjid Road Quetta
Cell: 0331-9383068

Central Head Office Quetta, Balochistan

CENTRAL SECRETARY GENERAL
Mr. MEERAL ALTAF BHURGRI
Office of the District Education Officer
(Academia & Training)
T/Workshop Kotri Distt Jamshoro
Cell: 0300-3049882


In Accordance with the Article 17 (1) of Constitution of the Islamic Republic of Pakistan & Recognized by the Government of Pakistan Cabinet Secretariate (Establishment Division Vide No. 16/17/72-F-1915) 12 1972 & No. 16117/72-D-F1 Dated 09-04-1974 Islamabad.

**Ref# APCA/SS/CEB/786/(7-9/75)/ 17 of/2025 Dated: 23rd August 2025**

| | |
|---|---|
| بخدمت جناب محترم میاں محمد شہباز شریف صاحب،<br>وزیر اعظم، اسلامی جمھوریہ پاکستان،<br>وزیر اعظم سیکریٹریٹ اسلام آباد | بخدمت جناب محمد حنیف عباسی صاحب،<br>وفاقی وزیر پاکستان ریلوے، اسلام آباد |
| بخدمت جناب چیئرمین،<br>پاکستان ریلوے، اسلام آباد | بخدمت جناب محترم انعام اللہ خان صاحب،<br>سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ ڈویزن،حکومت پاکستان اسلام آباد |

**عنوان :-** احکامات برائے چیف ایگزیکیوٹو آفیسر/جنرل مینیجر پاکستان ریلوے ہیڈ کواٹر لاہور اور تمام ڈویزنل سپرنٹینڈنٹ پاکستان ریلوے اور دیگر اعلیٰ افسران کہ تمام کورس پاس دفتری اور ٹیکنیکل ملازمین کو ترقی دی جائے- پاکستان ریلوے ہیڈ کواٹر لاہور اور ڈویزنل انتظامیہ کی ٹال مٹول وجہ کئی ملازمین سالوں سے پروموشن کے انتظار میں اور کئی ریٹائر ہوگئے جبکہ خالی آسامیاں موجود ہیں دفتری کام کیلئے ریٹائرڈ ملازمین کی خدمات حاصل کرنا رشوتخوری ہے اور دفتری کاموں میں <u>من پسند افراد کا قبضہ گیری کی وجہ سے دفاتر کے اندر رشوت خوری کے عنصر کو رد نہیں کر سکتے</u> – پروموشن حق ہے خیرات نہیں!

جناب اعلیٰ !

آپ بخوبی واقف ہونگے کہ اس وقت پاکستان ریلوے ہیڈ کواٹر لاہور اور تمام ڈویزنل ہیڈ کواٹرز اور ذیلی دفاتر میں کئی آسامیاں خالی ہیں اور کئی ملازمین 60 سال عمر مکمل کرکے ریٹائر ہو گئے ہیں مگر دفاتر کے اندر پروموشن پوسٹوں پر امتحان پاس ملازمین کی ترقیوں کو بلا جواز روکا گیا ہے اسکی بڑی وجہ دفاتر کے اندر ریٹائرڈ ملازمین کا قبضہ ہے اور مصدقہ اطلاعات کے مطابق پاکستان ریلوے کے افسران اکثر کام ریٹائرڈ ملازمین کی توسط سے کراتے ہیں ایک طرف رشوتخوری ہو رہی ہے اور دوسری جانب ملازمین اپنے جائز کاموں کیلئے سخت پریشان ہیں اور پروموشن کے انتظار میں سینکڑوں ملازمین دل برداشتہ ہوگئے-

یاد رہے کہ ایپکا پاکستان (شہید ساقی) ملازمین کی نمائندہ تنظیم ہے جس کے ورکرز ور محکمہ اور ہر سطح پر مختلف اجلاسوں کے اندر یا احتجاج کے موقعہ پر ملازمین اپنے پروموشن نا ہونے پر بار بار شکایت کرتے رہتے ہیں اور ہم نے اعلیٰ اختیاریوں کو شوشل میڈیا اور دیگر ذرائع سے بار بار عرض کرتے رہے ہیں مگر بلا جواز پروموشن روکنا ملازمین کے حق پر ڈ اکہ ہے جبکہ پروموشن حق ہے خیرات نہیں اسلئے آپ سے اپیل کی جاتی ہے کہ جناب چیف ایگزیکیوٹو آفیسر/جنرل مینیجر پاکستان ریلوے ہیڈ کواٹر لاہور اور تمام ڈویزنل سپرنٹینڈنٹ پاکستان ریلوے کو سخت احکامات جاری کئے جائیں کہ محکماتی امتحان پاس کلریکل اور نان کلریکل اور ٹیکنیکل اور نان ٹیکنیکل خالی آسامیوں پر سنیارٹی بنیادوں پر جلد پروموشن کئے جائیں کچھ ملازمین ساتھی ریٹائرمنٹ کے قریب ہونگے تو انکو مالی مراعات مل سکیں اور دفتری کاموں میں بھی مدد ہو جائے اور من پسندی اور اقرباپروی اور ریٹائرڈ ملازمین سے بھی چھوٹکارو مل سکے-
آپ سے درخواست ہے پروموشن کے حوالے سے جلد پاکستان ریلوے کے اختیاریوں کو حکم دیا جائے کہ قانون اور سینیارٹی ارو امتحان پاس ملازمین کا جلد پروموشن کرکے ان ملازمین کی بیچینی ختم کرائی جائے-

وسلام

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن

( ایم اے بھرگڑی )
مرکزی سیکریٹری جنرل

web www.apcapk.com